# ’واٹ ناؤ‘ کا مہاراشٹر سائبر سیکوریٹی کے ساتھ معاہدہ

ممبئی (ایجنسی): واٹ ناؤ، سائبر کرائم، سائبر ہراسانی، جنسی استحصال اور ہر قسم کے آن لائن بدسلوکی کے خلاف کام کرنے والی ایک سرکردہ این جی او اور قومی بیداری کی تحریک نے مہاراشٹر سائبر کے ساتھ ایک مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے ہیں تاکہ مہاراشٹر میں ڈیجیٹل سیکورٹی اور عوامی بیداری کو تقویت ملے۔ ایم او یو پر دستخط کی تقریب میں یشسوی یادو، آئی پی ایس، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آف پولیس، مہاراشٹر سائبر کرائم، حکومت مہاراشٹر نے شرکت کی۔ تعاون کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے، اکشت کھیتان نے کہا کہ آج سائبر خطرہ صرف ٹیکنالوجی تک محدود نہیں ہے یہ ایک سماجی اور قانونی چیلنج بن گیا ہے۔ یہ شراکت داری روک تھام، آگاہی، اور شہریوں کو اِن ٹولز کے ساتھ بااختیار بنانے پر مرکوز ہے۔